Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر (۲۹) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ یکم رجب المرجب ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۹ ستمبر ۱۹۳۶ع جلد (۳۸)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(۱)	منظوری رخصت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
(۲)	انتظام سلسلہ روانگی اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم بمقام نینی تال۔	″
(۳)	منظوری یک رخصت سیکنڈ لفٹننٹ محبوب علی خاں کمپنی افسر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔	۳
(۴)	″ ″ ″ کپتان ابن حسن ٹریننگ کمپنی سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری۔	″

آرڈرز اِن کونسل رامپور اسٹیٹ

(۱)	منظوری آسامی اسسٹنٹ ریزرو انسپکٹر	۳
(۲)	″ تقرر ڈاکٹر نیاز احمد بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن	″

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :— واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۳۶ء

از روئے عرضداشت عالی مرتبت فارن صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر بہ استدعائے صدور حکم منظوری رخصت دو یوم ۱۲ و ۱۳ ستمبر ۱۹۳۶ء متعلقہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بوجہ لقاحت ضعف۔

بموجب رپورٹ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی رخصت مزید دو یوم ۱۲ و ۱۳ ستمبر ۱۹۳۶ء با انتظام سابقہ منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام واپس ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و حکم

سررشتہ صدر سے حسب منشا حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :— واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۳۶ء

ابد دولت و اقبال ۱۲ ستمبر کو شب میں نقل و حرکت فرمائے نینی تال ہونگے۔ ایک ہفتہ قیام ہوگا۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) اگر اس عرصہ میں کوئی اہم واقعہ پیش آجائے تو سٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

(۲) چونکہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بیمار ہیں لہذا اجلاس ہمایوں کے معمولی کاغذات پر عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بابی آرڈر لکھ کر دستخط کریں۔ اہم کاغذات واپسی دفتر میں رہیں اگر کوئی ضروری کاغذ ہو تو عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بمشورہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بابی آرڈر جاری کر سکتے ہیں۔

(۳) عالی مرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر و صاحب ملیٹری سکریٹری صاحب بہادر ہمرکاب نینی تال جائینگے۔ لہذا عالی مرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر کا کام عالی مرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کا کام ڈاکٹر ایس بی وحیدی اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

(۴) عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی علالت کی وجہ سے عالی مرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر ان کا کام انجام دے رہے ہیں۔ لہذا بزمانہ قیام نینی تال عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام بھی عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر انجام دینگے۔

(۵) قلعہ میں شب کو عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر اور دن میں صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر رہینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و حکم

حکم :- واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۳۳ء

از مثل عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری سیک رخصت ایک ماہ سیکنڈ لفٹنٹ محبوب علی خان کیمپنگ افسر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔

حکم

بموجب رپورٹ سیکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں افسر رامپور رضا انفنٹری کی رخصت سیک ایک ماہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

نوٹ :- ستہ آرمی آرڈر جاری ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بحکم

حکم :- واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

از مثل عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری سیک رخصت پندرہ یوم کپتان ابن حسن ٹریننگ کمپنی سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری از یوم استفادہ حسب سفارش چیف میڈیکل آفیسر بہادر۔

حکم

حسب رپورٹ سیک رخصت پندرہ یوم کپتان ابن حسن ٹریننگ کمپنی سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(بائی آرڈر)

دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بابت منظوری آسامی اسسٹنٹ ویٹرنری انسپکٹر بطور عارضی برائے تعیناتی منشی نسیم الزماں صاحب جو ویٹرنری انسپکٹری کی ٹریننگ حاصل کرکے عنقریب واپس آرہے ہیں اور تنخواہ سب انسپکٹری کی پا رہے ہیں۔ ہیڈ فائنانس کو اتفاق ہے - لہذا

طے پایا کہ:-

حسب تجویز و اتفاق ہیڈ فائنانس اسسٹنٹ ویٹرنری انسپکٹری عارضی آسامی منظور کیجاتی ہے - تنخواہ بجٹ مد متفرقات بجٹ پولیس سے ادا ہوگی جس کے تحت یہ روپیہ بازیافت ہوگا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر متعلق تقرر ڈاکٹر نیاز احمد بانی ضلع غیر بجگہ ڈاکٹر ابرار حسین سب اسسٹنٹ سرجن مشاہرہ یاب خدمت پیش ہو کر طے پایا کہ:-

چونکہ سب اسسٹنٹ سرجن کی آسامی انتظام طلب مذکورہ بالا کیلئے کسی رامپوری امیدوار کی درخواست نہیں گذری اسلئے ڈاکٹر نیاز احمد کا تقرر مشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن عارضی تا آمد لائے یکسال منظور کیا جاتا ہے - منشورہ سروس سلیکشن بورڈ شامل ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)